نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبائی وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرِ صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں پوٹھوہارریجن کے ٹرانسفارمیشن پلان بارے جائزہ اجلاس کا انعقاد

وزیراعلیٰ پنجاب پوٹھوہارریجن کی زرعی ترقی اور کاشتکاروں کی خوشحالی کیلئے 10ارب روپے کی مالیت کے ٹرانسفارمیشن پلان کی منظوری دیں گی۔وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور:09اپریل2025: ملکی تاریخ میں پہلی بار وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق پوٹھوہار ریجن کو زرعی ترقی کیلئے اہم قرار دیا گیا ہے اور اس علاقے میں زرعی ترقی اور کاشتکاروں کی خوشحالی کے لئے 10ارب روپے مالیت کے میگا پلان کو منظوری کیلئے وزیراعلیٰ پنجاب کو بھیجا جائے گا۔ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے زراعت ہاؤس لاہور میں منعقدہ پوٹھوہار ریجن کے ٹرانسفارمیشن پلان کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اُسامہ خان لغاری اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو بھی شریک تھے۔اجلاس میں خطہ پوٹھوہار کی زرعی ترقی اور کاشتکاروں کی خوشحالی کے لئے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔

اس موقع پر صوبائی وزیرزراعت پنجاب نے کہا کہ حکومت پنجاب کا مقصد خطہ پوٹھوہار میں کاشتکاروں کو سہولت فراہم کرنا اور اُن کے مسائل کو حل کرنا ہے۔انھوں نے کہا کہ حکومت پنجاب خطہ پوٹھوہار میں مونگ پھلی کی پیداوار کو 3 لاکھا ایکڑ تک بڑھانا چاہتی ہے۔اس کے علاوہ اس علاقے میں زیتون کی 2 ہزار ایکڑ پر کاشت کو یقینی بنایا جائے گا۔صوبائی وزیر نے پوٹھوہار ریجن میں ادرک کی کاشت کو فروغ دینے کے لئے بھی اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی۔انھوں نے واضح کیا کہ اس پروگرام کے تحت مری کے باغات کی بحالی اور باڑوں کی تعمیر یقینی بنائی جائے گی۔اس کے علاوہ معیاری بیج کی فراہمی،جدید زرعی تحقیق اور لیبارٹریوں کے قیام کے ذریعے زرعی ترقی اور کاشتکاروں کی خوشحالی کے لئے بھرپور اعانت کی جائے گی۔حکومت پنجاب اس ریجن میں لیزر لینڈ لیولرز،ڈرپ نظام آبپاشی کی تنصیب اور ویلیوایڈیشن کے لئے تمام وسائل فراہم کرے گی۔پوٹھوہار ریجن میں 1 لاکھا ایکڑ رقبے کو جدید آبپاشی کے نظام کے ذریعے قابلِ کاشت بنایا جائے گا اور فصلوں کیلئے پانی کی کمی دور کرنے کے لئے چھوٹے ڈیمز،تالاب اور کنویں بنائے جائیں گے۔اس پروگرام کے تحت خطہ پوٹھوہار میں واٹر سٹوریج کو 35 ہزار فٹ تک بڑھایا جائے گا۔اس کے علاوہ ہائی ویلیو ایگریکلچر اور زمینی کٹاؤ کو کم کرنے کے لئے بھی

اقدامات اٹھائے جائیں گے۔اس موقع پر صوبائی وزیر نے پوٹھوہار ریجن میں نامیاتی سبزیات کی 500 ایکڑ کاشت کیلئے حکمت عملی مرتب کرنے کی ہدایت کی۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ پوٹھوہار ریجن ٹرانسفارمیشن پلان پر ٹائم لائنز کے مطابق عملدرآمد جاری ہے۔

اس علاقے میں ہائی ویلیو ایگریکلچر کے فروغ اور نظام آبپاشی میں بہتری کے لئے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

اجلاس میں اسپشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (پلاننگ) کیپٹن (ر) وقاص رشید، ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، رانا تجمل، ڈاکٹر عبدالقیوم، ساجد الرحمان، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر محمد انجم علی، چیف ایگزیکٹو پارب ڈاکٹر عابد محمود و دیگر افسران شریک ہوئے۔

☆☆☆